سوال

(160)وضو کے لیے احتیاط کے پش نظر جرابیں اتارنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہر وضو کے لیے احتیاط کے پش نظر جرابیں اتار دینے کا کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ عمل خلاف سنت ہے اور رافضیوں کے ساتھ مشابہت ہے جو موزوں پر مسح کرنا جائز نہیں سمجھتے۔ حالانکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے موزوں پر مسح کیا ہے۔ اور جناب مغیرہ رضی اللہ عنہ سے کہا تھا، جب کہ انہوں نے آپ کے پاؤں دھونے کے لیے آپ کے موزے اتارنا چاہے تھے: ''انہیں رہنے دے، میں نے یہ باوضو پہنے ہیں۔'' (صحیح مسلم، کتاب الطھارۃ، باب المسح علی الخفین، حدیث: 274) اور پھر ان پر مسح کیا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 189

محدث فتویٰ